راہ نما آسان اُردو قواعد

1

RAAHNUMA ASAN URDU QAWAID

طٰہٰ نسیم

ANGEL BOOK HOUSE PVT LTD
ENVISIONING EDUCATION GLOBALLY

راہ نما

آسان اُردو قواعد

(حصّہ اوّل)

RAAHNUMA ASAN URDU QAWA’ID

Book - 1

مؤلف :

طٰہٰ نسیم

راہ نما آسان اُردو قواعد

(حصّہ اوّل)

RAAHNUMA
ASAN URDU QAWA'ID

BOOK-1

Author

Taha Naseem

ISBN 978-93-85762-50-5

Published by:
ANGEL BOOK HOUSE (P) LTD.
1511-12, Pataudi House, Darya Ganj, New Delhi-110 002 (India)
Tel.: +91-11-23244556, 23253514, 23269050, 23286551
e-mail: sales@angelbookhouse.com
Website: www.angelbookhouse.com

HYDERABAD BRANCH
204-209, 3rd Floor, Raghunath Shopping Arcade
Machli Kaman, Hyderabad-500 002 AP (India)
Tel.: 040-6680-6286
e-mail: hyderabad@angelbookhouse.com

ASSOCIATES / DISTRIBUTORS
- Asrafee Book Shop, Male, Maldives
- EPP Book Services, Accra, Ghana
- IEOSA, Durban, South Africa
- Lestari Books, Jakarta, Indonesia
- Makeen Books, Colombo, Sri Lanka
- Paramount Books, Karachi, Pakistan
- PBS Book Shop, Dhaka, Bangladesh
- Phoenix Books, Kathmandu, Nepal
- Welcome Book Shop, Dubai, UAE

پیش لفظ

’’آسان اُردو قواعد‘‘ کی مقبولیت، اساتذہ اور طلبا، کی پسند اور اُردو داں حلقے کی ستائش سچ مچ ہماری محنت اور خلوص کا ثمرہ ہے، جس کی امید ہم نے یہ سیریز تیار کرتے ہوئے کی تھی۔ ’’آسان اُردو قواعد‘‘ میں جیسا کہ اس کے نام سے ظاہر ہے گرامر جیسے خشک موضوع کو اتنے آسان، دِل کش اور دِل چسپ انداز میں پیش کیا گیا ہے کہ پڑھنے والوں کو کسی قسم کی دقت نہیں ہوگی۔ موجودہ دور کے تقاضوں، بچّوں کی نفسیات اور ان کی دل چسپیوں کو دھیان میں رکھ کر یہ سیریز بڑی محنت، اضافوں اور تبدیلیوں کے بعد تیار کی گئی ہے۔ صرف دو سال میں ماشاء اللہ اس کے دو ایڈیشن ہاتھوں ہاتھ فروخت ہوگئے۔ نہ صرف ہندوستان، بیرونِ ممالک میں بھی اس کی مانگ بڑھی۔ اُردو داں حلقے نے ’’آسان اُردو قواعد‘‘ کو ذاتی مطالعے کے علاوہ اُن اسکولوں کے لیے بھی منگایا جہاں اُردو زبان پڑھائی جاتی ہے۔ اس سیریز کو زیادہ مؤثر بنانے کے لیے ہم نے اس کی کلید ’’راہ نما آسان اُردو قواعد‘‘ تیار کی ہے۔ اسے تیار کرنے میں ہمارے ادارے کے اہم رکن اور آسان اُردو قواعد کے مصنف طٰہٰ نسیم صاحب نے اسی دل چسپی اور محنت کا مظاہرہ کیا جو انہوں نے تین سال قبل ’’آسان اُردو قواعد‘‘ کے آٹھ حصے بنانے میں کیا تھا۔ اس راہ نما میں اُردو اصطلاحات کے انگریزی نام اور اساتذہ کی سہولت کے لیے سوالات اور مشقوں کی اُردو کے ساتھ انگریزی بھی لکھ دی ہے۔ طٰہٰ نسیم صاحب اس سے قبل اُردو چمن (آٹھ حصے)، آئینۂ اُردو (آٹھ حصے) کی کلیدیں بھی بنا چکے ہیں۔ بلاشبہ ’’راہ نما آسان اُردو قواعد‘‘ ہماری فخریہ پیش کش ہے جسے علمی حلقوں میں پسند کیا جائے گا اور اُردو اساتذہ جو بچّوں کو آسان اُردو قواعد کے ذریعہ زبان سکھانے میں مصروف ہیں وہ اس سے بھرپور استفادہ کر پائیں گے اور اُردو زبان کے فروغ میں عملی حصّہ لیں گے (ان شاء اللہ)۔

(ناشر)

فہرست اسباق

حروفِ تہجی (Alphabet)

☆ اُردو زبان میں 36 حروفِ تہجی ہیں۔

There are 36 Alphabet in Urdu language.

ث	ٹ	ت	پ	ب	ا
ڈ	د	خ	ح	چ	ج
ش	س	ز	ڑ	ر	ذ
غ	ع	ظ	ط	ض	ص
م	ل	گ	ک	ق	ف
ے	ی	ء	ہ	و	ن

مشق

☆ نیچے لکھے ہوئے حرفوں کو آپس میں ملا کر لکھیے۔

Join the following alphabet.

س	+	چ	=	سچ
ح	+	ج	=	حج
رُ	+	ک	=	رُک
خ	+	ط	=	خط
پُ	+	ل	=	پل
ج	+	گ	=	جگ

☆ خالی خانوں میں دوسرے حرف لکھ کر تصویروں کے نام پورے کیجیے۔

Write another word in the blank and complete the names of the pictures.

ب + س = بس

ٹ + ب = ٹب

ن + ل = نل

ج + ڑ = جڑ

س + ر = سر

ج + گ = جگ

☆ کچھ حرفوں کے ساتھ دو چشمی ''ھ'' لگائی جاتی ہے، اسے ہائے مخلوط کہتے ہیں۔

Some letters are formed by joining *do chashmi hay* (ھ) it is called *"Haaye Makhloot"*.

ب	+	ھ	=	بھ	بھالو
پ	+	ھ	=	پھ	پھل
ت	+	ھ	=	تھ	تھیلا
ٹ	+	ھ	=	ٹھ	ٹھیلا
ج	+	ھ	=	جھ	جھاڑو
چ	+	ھ	=	چھ	چھوٹا
د	+	ھ	=	دھ	دھاگا
ڈ	+	ھ	=	ڈھ	ڈھول
ک	+	ھ	=	کھ	کھانا
گ	+	ھ	=	گھ	گھر

☆ کچھ الفاظ کے ہجّے سے متعلق ضروری باتیں۔

Instructions about the pronunciation of some words.

اُردو میں کافی الفاظ عربی زبان کے شامل ہیں۔ انہیں عربی طرز میں ہی لکھا جاتا ہے۔ ایسا لکھنے سے جہاں زبان کی خوب صورتی باقی رہتی ہے وہیں تلفظ بھی بالکل صحیح کیا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر عربی کے الفاظ میں الف مقصورہ لگنے سے تلفظ میں تبدیلی آجاتی ہے۔ جیسے اردو میں ہم مولیٰ لکھیں تو یہاں 'ل' میں 'ی' کا اضافہ ہونے سے 'ل' کی آواز لمبی اور 'ی' والی ہوگی (Moolee)

لیکن 'ل' پر اگر الف مقصورہ لکھ دیا گیا تو تلفظ (Pronunciation) 'ی' کے بدلے 'ا' ہو جائے گا
مولی میں الف مقصورہ جڑنے کے بعد وہ (مولا) پڑھا جائے گا۔ مولیٰ (Mola)۔ اسی طرح
تعالیٰ (Ta'ala)، عیسیٰ (Easa) اور دعویٰ (Dawa) وغیرہ الفاظ کا تلفظ بدل جائے گا۔

☆ نون تنوین: دو زبر (ـً) دو زیر (ـٍ) اور دو پیش (ـٌ) کو تنوین کہتے ہیں۔ آپ نے
عربی کا قاعدہ یا سیپارہ پڑھا ہوگا تو اُن الفاظ کو بھی پڑھا ہوگا جن میں تنوین لگتی ہے لیکن اُردو زبان
میں صرف دو زبر کی تنوین ہوتی ہے جیسے عمداً (Amadan)، مثلاً (Masalan)، مجبوراً
(Majbooran)، آناً فاناً (Anan Fanan) وغیرہ۔

☆ **'ب' سے پہلے 'ن' ساکن لگنے سے آواز 'م' کی ہو جاتی ہے۔**

اگر 'ب' سے پہلے 'ن' ساکن (جزم والا) آجائے تو نون کی آواز میم سے بدل جاتی ہے۔
جیسے: شنبہ (Shamba)، دُنبہ (Dumba)، گنبد (Gumbad)، عنبر (Amber)،
سنبھل (Sambhal) یہ الفاظ بھی زیادہ سے زیادہ مطالعہ کرنے اور مشق کے بعد زبان پر
چڑھ جاتے ہیں۔

☆ 'ال' کا استعمال: اردو زبان میں عربی سے لیے ہوئے بہت سارے الفاظ ایسے ہیں جن
میں 'ال' لگایا جاتا ہے جیسے عید الفطر، علم الحساب، مہر النساء، بیت المال عربی کی طرح انہیں
بھی شمسی اور قمری میں تقسیم کر دیا گیا ہے۔

☆ حروفِ شمسی: ان کے شروع میں 'ا' اور 'ل' لکھے تو جاتے ہیں لیکن انہیں پڑھا نہیں جاتا ان
کے بعد والے حرف پر تشدید (ـّ) ہوتی ہے تو جو حرف پہلے لکھا ہوتا ہے اسے براہِ راست
تشدید والے حرف سے ملا کر پڑھتے ہیں جیسے عبدالشکور (Abdush Shakoor)
نجم الثّاقب (Najmussaqib)، دارالسّلام (Darussalaam)، عظیم الشّان
(Azeemushshan) وغیرہ۔

☆ **حروفِ قمری:** ان کے شروع میں اگر 'ال' آئے گا تو 'ل' پڑھا جائے گا، الف نہیں پڑھا جائے گا۔ جیسے بیت المال (Baitul Maal)، بیت المقدس (Baitul Muqaddas)، نورالاسلام (Noorul Islam)۔

☆ **یائے نسبتی:** کسی شخص، جگہ یا ملک وغیرہ کی طرف کسی کا تعلق جوڑنے کے لیے اس لفظ کے آخر میں 'ی' لگا دیتے ہیں اسے یائے نسبتی کہتے ہیں۔ جیسے: مدنی، مکی، ایرانی، ندوی، قاسمی، بنگالی، حنفی، حنبلی، گجراتی وغیرہ۔

☆ **موقوف:** چار حرفی الفاظ میں جب دوسرا حرف الف، واؤ یا یائے ساکن ہو اور تیسرا اور چوتھا حرف بھی ساکن ہو تو چوتھے حرف کو موقوف کہتے ہیں۔ جیسے دوست، راست، نیست وغیرہ۔

سبق -2

لفظ (Word)

دو یا دو سے زیادہ حرفوں (Alphabet) کے ملنے سے لفظ (Word) بنتا ہے۔ یوں تو زیادہ تر لفظوں کا کوئی نہ کوئی مطلب ہوتا ہے جیسے آپ، ہم، وہ، قلم، دمہ، صحن، گاڑی وغیرہ۔ جن الفاظ کا مطلب ہوتا ہے انہیں کلمہ (Meaningful Word) کہتے ہیں اور جن الفاظ کا کوئی مطلب نہیں ہوتا جیسے: وقم، ژتاب، قحی، رغے وغیرہ ایسے الفاظ مہمل (Meaningless word) کہلاتے ہیں۔

اس سبق میں ہم صرف وہی الفاظ پڑھیں گے جن کا عام طور پر کوئی نہ کوئی مطلب ہوتا ہے اور انہیں سن کر ہمارا دماغ فوراً سمجھ جاتا ہے کہ وہ کوئی شے، احساس یا وجود ہے۔ جیسے: آم کا نام لیتے ہی آپ کے ذہن میں آم کی تصویر ابھر آتی ہے کہ وہ پیلے رنگ کا خوشبودار کھٹا میٹھا ذائقہ دار پھل ہوتا ہے۔ اب کوئی 'یزع' بولے تو آپ کے ذہن میں کوئی شے یا احساس وغیرہ کی تصویر نہیں

آ ئے گی کہ وہ ہے کیا۔ لفظ 'خوشی' سنتے ہی ہمارا ذہن اس احساس کے بارے میں بتا تا ہے جب انسان کامیابی، انعام، کسی عزیز سے لمبے عرصے بعد ملاقات، یا مطلوبہ شے پانے پر خوشی ظاہر یا محسوس کرتا ہے۔ لفظ دو حرفی، تین حرفی، چار حرفی، پانچ حرفی یا چھ حرفی ہوتے ہیں۔ جیسے: بس، ڈر، قلم، نرس، سڑک، ٹاٹ، دوست، سلطنت، دروازہ وغیرہ۔

مشق

☆ تصویریں دیکھ کر اُن کے نام لکھیے۔

آ + گ = آگ

ب + س = بس

گھ + ر = گھر

س + ڑ + ک = سڑک

ک + ا + ن = کان

ن + ا + ک = ناک

س + ا + گ = ساگ

ہ + ا + تھ = ہاتھ

☆ نیچے لکھے ہوئے کچھ الفاظ بامعنی (Meaningful) اور کچھ بے معنی (Meaningless) ہیں۔ جو الفاظ بامعنی ہیں، ان کے سامنے (✓) کا نشان لگائیے۔

نہر = (✓)

بلب = (✓)

دروازہ = (✓)

لٹک = (✓)

ناک = (✓)

ساگ = (✓)

دھار = (✓)

ٹاٹ = (✓)

مہک = (✓)

☆ پانچ بامعنی (Meaningful) الفاظ لکھیے۔

کتاب، غم، والد، گلی، اُلّو

☆ پانچ مہمل (Meaningless) الفاظ لکھیے۔

غٹر، سجہ، رشٹا، بوقا، خٹ

سبق -3

جملہ (Sentence)

پچھلے اسباق میں ہم پڑھ چکے ہیں کہ دو یا دو سے زیادہ حروف کے ملنے سے لفظ بنتا ہے اور دو یا دو سے زیادہ لفظوں کے ملنے سے جملہ (Sentence) بنتا ہے۔ جملہ الفاظ کا وہ مجموعہ ہوتا ہے جس کے مکمل معنی ہوتے ہیں۔ (A sentence is a group of words that forms complete thought) جیسے: ادھر آؤ، احمد گیا، یہ لڑکی ہے، کہاں ہو؟

دو، تین، چار، پانچ اورزیادہ الفاظ ملا کر جو با معنی بات بنے اوراس کا کوئی مطلب سمجھ میں آجائے وہ جملہ (Sentence) بن جاتا ہے۔ اگر ہم کتنے ہی مہمل(Meaningless) الفاظ جوڑ لیں اس کا کوئی مطلب سمجھ میں نہیں آئے گا جیسے: غدلوائی، ٹوشٹے مگھے، غوضا زضع وغیرہ کا کوئی مطلب ہی سمجھ میں نہیں آرہا حالانکہ بظاہر یہ دو یا تین الفاظ سے مل کر بننے والے جملے جیسے لگتے ہیں۔ لیکن مطلب نہ ہونے کی بنا پر ہم انہیں جملے نہیں کہیں گے۔

مشق

☆ **سوالات کے جواب لکھیے۔ Answer the Question:**

سوال۱: لفظ کسے کہتے ہیں؟ What is a word?

جواب: دو یا دو سے زیادہ حروف کے ملنے سے لفظ بنتا ہے جیسے: پھل، قدم وغیرہ۔

سوال۲: جملہ کسے کہتے ہیں؟ What is a sentence?

جواب: دو یا دو سے زیادہ الفاظ ملا کر جو با معنی بات بنے اوراس کا کوئی مطلب سمجھ میں آئے اسے جملہ کہتے ہیں۔ جیسے: ادھر آؤ، تم کون ہو؟ وغیرہ

سوال۳: کوئی دو جملے لکھیے۔ Write two sentences.

جواب: (۱) یہ کتاب ہے۔ (۲) وہ میرا دوست ہے۔

☆ **با معنی جملوں پر (✓) کا نشان لگایئے۔**
Mark (✓) the meaningful sentences.

اسد آؤ = (✓)

کتاب پڑھو = (✓)

کھیل دیکھو = (✓)

دیر مت کر = (✓)

سبق -4

کلمہ کی قسمیں

(Kinds of meaningful words)

کلمہ بامعنی لفظ (Meaningful word) کو کہتے ہیں۔ ہر کلمے سے کوئی نہ کوئی نام یا کام سمجھ میں آتا ہے۔ جیسے: ذاکر ایک فرد کا نام ہے۔ اسکول ایک جگہ کو کہتے ہیں۔ اُردو گرامر میں کلمہ کی کئی قسمیں بتائی گئی ہیں۔ مثال کے طور پر ہم ایک جملہ لکھتے ہیں۔ جیسے: ذاکر اسکول سے آیا۔ غور فرمائیں اس جملے میں چار الگ الگ الفاظ ہیں اور یہ چاروں مل کر ہمیں ایک بات سمجھا رہے ہیں کہ ذاکر اسکول سے آیا (Zakir come from school)۔ جملے کی ترتیب کے لحاظ سے اگر ہم دیکھیں ذاکر اور اسکول فرد یا جگہ کے نام (اِسم) ہیں۔

لفظ 'آیا' فعل (Verb) ہے۔ یعنی کوئی کام ہوا ہے۔

اور 'سے' جملے کے دیگر تین الفاظ کو ملانے کا کام کر رہا ہے۔ ایسا لفظ جو دو یا دو سے زیادہ کلموں یا جملوں کو آپس میں ملا کر جملہ پورا کرنے میں مدد دیتا ہے اسے 'حرف' کہتے ہیں۔ جیسے: سے، تک، پر، کو وغیرہ حرف ربط (Preposition) کہلاتے ہیں۔

مشق

☆ اوپر لکھے ہوئے لفظوں میں شخصوں، جگہوں، جانوروں، سبزیوں اور دوسری چیزوں کو چھانٹیے اور ان کے حروف الگ الگ کر کے لکھیے۔

Determine the person, place, animal, vegetable and other things from the above words.

شخص: محمد = م + ح + م + م + د

عائشہ = ع + ا + ء + ش + ہ

لڑکی = ل + ڑ + ک + ی

زینب = ز + ے + ن + ب
ہما = ہ + م + ا
عامر = ع + ا + م + ر
دھوبی = دھ + و + ب + ی
سپاہی = س + پ + ا + ہ + ی
جگہ: مسجد = م + س + ج + د
دہلی = د + ہ + ل + ی
لکھنؤ = ل + کھ + ن + ء + و
امریکہ = ا + م + ر + ی + ک + ہ
لندن = ل + ن + د + ن
مکہ = م + ک + ک + ہ
کولکاتا = ک + و + ل + ک + ا + ت + ا
دکان = د + ک + ا + ن
بازار = ب + ا + ز + ا + ر
سڑک = س + ڑ + ک
سمندر = س + م + ن + د + ر
گھونسلہ = گھ + و + ن + س + ل + ہ
پہاڑ = پ + ہ + ا + ڑ
جماعت = ج + م + ا + ع + ت
جانور: بِلّا = ب + ل + ل + ا
چڑیا = چ + ڑ + ی + ا
مکھی = م + کھ + کھ + ی

مچھر = م + چھ + چھ + ر

سانپ = س + ا + ن + پ

بھیڑ = بھ + ے + ڑ

گائے = گ + ا + ء + ے

سبزی: بھنڈی = بھ + ن + ڈ + ی

چیز: کرسی = ک + ر + س + ی

آم = آ + م

دوات = د + و + ا + ت

آسمان = آ + س + م + ا + ن

برتن = ب + ر + ت + ن

چاند = چ + ا + ن + د

کھلونا = کھ + ل + و + ن + ا

کار = ک + ا + ر

پھول = پھ + و + ل

سائیکل = س + ا + ء + ی + ک + ل

تربوز = ت + ر + ب + و + ز

مٹھائی = م + ٹھ + ا + ء + ی

انگوٹھی = ا + ن + گ + و + ٹھ + ی

صراحی = ص + ر + ا + ح + ی

کیلا = ک + ے + ل + ا

درخت = د + ر + خ + ت

صندوق = ص + ن + د + و + ق

مکئی = م + ک + ء + ی

جلیبی = ج + ل + ے + ب + ی

کتاب = ک + ت + ا + ب

قمیض = ق + م + ی + ض

پانی = پ + ا + ن + ی

آگ = آ + گ

روشنی = ر + و + ش + ن + ی

بجلی = ب + ج + ل + ی

دیگ = د + ے + گ

چمچ = چ + م + م + چ

قینچی = ق + ے + ن + چ + ی

انار = ا + ن + ا + ر

مکھن = م + کھ + ن

☆ سوالات کے جواب لکھیے۔ **Answer the Question.**

سوال۱: کلمہ کی کتنی قسمیں ہیں؟

How many kinds of kalimah are there?

جواب: کلمہ کی تین قسمیں ہیں۔ اسم، فعل، حرف۔

سوال۲: اسم کسے کہتے ہیں؟ What is Ism (Noun)?

جواب: کسی شخص، جگہ یا چیز کے نام کو اسم کہتے ہیں۔

سوال:۳ فعل کسے کہتے ہیں؟ What is F'el (Verb)?

جواب: کسی کام کے کرنے یا ہونے کو فعل کہتے ہیں۔

سوال۴: حرف کسے کہتے ہیں؟ What is Harf ?

جواب: ایسا لفظ جو دو یا دو سے زیادہ لفظوں یا جملوں کو جوڑنے میں مدد کرتا ہے اسے حرف کہتے ہیں جیسے: تک، پر، کو وغیرہ۔

☆ مندرجہ ذیل الفاظ میں **فعل** پر (✓) لگائیے۔

آیا = (✓)

کھیلا = (✓)

پڑھا = (✓)

سویا = (✓)

گایا = (✓)

☆ مندرجہ ذیل الفاظ میں 'حرف' پر (✓) لگائیے۔

سے = (✓)

میں = (✓)

کو = (✓)

سبق -5

جملہ (Sentence)

آپ کو پچھلے اسباق (Lessons) سے یہ تو پتہ چل گیا کہ دو یا دو سے زیادہ الفاظ کے ملنے سے جملہ بنتا ہے۔ شرط یہ ہے کہ بات سمجھ میں آ رہی ہو۔

جیسے: آؤ بیٹھو، وہ میرا دوست ہے، تم کہاں ہو؟

مشق

☆ جواب لکھیے۔ **Write Answers.**

سوال۱: جملہ کیسے بنتا ہے؟ How is a sentence format?

جواب: دو یا دو سے زیادہ الفاظ کو ملانے سے جملہ بنتا ہے۔ بشرطیکہ اس کا مطلب سمجھ میں آ رہا ہو۔

سوال۲: جملہ بنانے کے لیے کم از کم کتنے الفاظ کی ضرورت ہوتی ہے؟

How many words are required for the formation of a sentence?

جواب: جملہ بنانے کے لیے کم از کم دو الفاظ کی ضرورت ہوتی ہے۔

☆ **مندرجہ ذیل الفاظ کے مجموعے میں سے جملے کون کون سے ہیں؟ جن کا مطلب سمجھ میں آ رہا ہے۔ ان کے سامنے (✓) کا نشان لگایئے۔**

Which of the following groups of words are sentences? Tick (✓) the meaningful groups of words.

بیٹھ جاؤ۔ (✓)

یہ ایک بچّہ ہے۔ (✓)

ادھر دیکھو۔ (✓)

وہ بندر ہے۔ (✓)

☆ تین جملے لکھیے۔ **Write three sentences.**

۱- کتاب پڑھو۔

۲- تم کون ہو؟

۳- یہ ایک کتاب ہے۔

اسم (Noun)

آپ یہ جان چکے ہیں کہ کسی شخص، جگہ یا چیز کے نام کو اسم (Noun) کہتے ہیں۔

جیسے: احمد، کتاب، بازار وغیرہ۔

Name of a person, place or thing is called a noun. For example: Ahmad, Book, Bazar (Market) etc.

جان دار کا نام Name of a living thing	چیز کا نام Name of a thing	جگہ کا نام Name of a place	شخص کا نام Name of a person
کوا	قلم	دریا گنج	محمد
مکڑی	کتاب	کولکاتا	خلیل
بلبل	کپڑا	ریلوے اسٹیشن	روہن
گدھا	شہد	دبئی	ڈیوڈ
بندر	کرسی	کتب خانہ	راجو
چیونٹی	صندوق	قطب روڈ	دلشاد
عقاب	پنجرا	رام پور	اکبر
گوریلا	چاقو	کراچی	گڈو
ڈولفن	پیٹی	جوہو	سلیم
لال بیگ	بوتل	لال قلعہ	اوتار سنگھ
لومڑی	شامیانہ	چار مینار	گلابو
مرغی	موزہ	ٹھنڈی سڑک	ندیم

مشق

☆ ان تصویروں کے نام لکھیے۔ **Write name of these pictures.**

☆ تصویروں کے نیچے لکھیے کہ وہ شخص ہے، جگہ یا چیز؟

Write, whether the following pictures are person, place or thing.

☆ خالی جگہ میں صحیح الفاظ چن کر لکھیے۔

Write the correct words in the blanks.

۱- اسلم ایک شخص ہے۔

۲- کرسی ایک چیز ہے۔

۳- پولیس مین ایک شخص ہے۔

۳- آم ایک چیز ہے۔

۴- چڑیا ایک جاندار ہے۔

☆ نیچے دی ہوئی تصویر میں چیزوں کے نام لکھیے۔

سبق -7

فعل (Verb)

اب تک آپ یہ بھی جان چکے ہیں کہ جن الفاظ سے کسی کام کا کرنا یا ہونا معلوم ہو وہ فعل کہلاتا ہے۔ جیسے: چلنا، سونا، کھانا، اڑا، پڑھے گا، لکھے گا وغیرہ۔

(A verb is a kind of word that tells about an action or a state. For Example: Chalna, Sona, khana, udaa, Padhega, Likhega etc.)

مشق

☆ مندرجہ ذیل تصویروں میں کون کیا کر رہا ہے؟ لکھیے۔

What are they doing in the following pictures?

کوّا اُڑ رہا ہے۔

بچّہ کتاب پڑھ رہا ہے۔

لڑکا کھیل رہا ہے۔

ڈرائیور کار چلا رہا ہے۔

آدمی چل رہا ہے۔

چوہا اُچھل رہا ہے۔

مکھی اُڑ رہی ہے۔

☆ **یہ مشق استاد اپنی نگرانی میں بچّوں سے کرائیں۔ جو الفاظ اسم ہیں ان میں سرخ اور جو فعل ہیں ان میں ہرا رنگ بھریے۔**

☆ **خالی جگہوں میں فعل بھریے۔ Write f'el in the blanks.**

۱۔	میں سو رہا ہوں۔	۲۔	بچّہ روتا ہے۔
۳۔	کتّا بھونکتا ہے۔	۴۔	بلّی دوڑتی ہے۔
۵۔	وہ جا رہا ہے۔	۶۔	نعیم پڑھتا ہے۔

سبق-8

مذکّر اور مؤنّث (Gender)

جنس (مرد، عورت یا نر، مادہ) کے لحاظ سے اسم کی دو قسمیں ہیں۔

جو اسم نر کے لیے بولا جائے وہ مذکّر (Masculine) کہلاتا ہے اور جو مادہ کے لیے بولا جائے مؤنّث (Feminine) کہلاتا ہے۔ The state of being male or female.

جیسے:

لڑکا — لڑکی گھوڑا — گھوڑی

مرد	—	عورت	دادا	—	دادی
راجہ	—	رانی	استاد	—	استانی
ہاتھی	—	ہتھنی	بکرا	—	بکری
بچّہ	—	بچّی	بلاّ	—	بلّی

مشق

☆ مذکّر کے مؤنّث لکھیے۔ Write feminine of the masculine.

مذکّر		مؤنّث	مذکّر		مؤنّث
چڑا	—	چڑیا	بکرا	—	بکری
کتّا	—	کتیا	چوہا	—	چوہیا
دادا	—	دادی	ہاتھی	—	ہتھنی
چاچا	—	چاچی	بچّہ	—	بچّی
ماموں	—	ممانی	بھائی	—	بہن
نوکر	—	نوکرانی	ڈاکٹر	—	ڈاکٹرنی

☆ مؤنّث کے مذکّر لکھیے۔ Write masculine of the feminine.

مؤنّث		مذکّر	مؤنّث		مذکّر
دادی	—	دادا	مورنی	—	مور
امّی	—	ابّا	پڑوسن	—	پڑوسی
بچّی	—	بچّہ	رانی	—	راجہ
چاچی	—	چاچا	نانی	—	نانا

استانی — استاد نوکرانی — نوکر

ہتھنی — ہاتھی گھوڑی — گھوڑا

☆ **تصویر کے نیچے مذکّر یا مؤنّث لکھیے۔**

Write masculine or feminine below the picture.

مؤنّث مؤنّث

مذکّر مذکّر مذکر

مذکّر مذکّر مؤنّث

سبق -9

واحداور جمع (Singular & Plural)

چیزیں ہوں یا جان دار ہر کسی کو آسانی سے گنا جا سکتا ہے۔کوئی بھی چیز ایک ہوگی یا ایک سے زیادہ؛ دو، تین، پانچ، دس، سو، ہزار....لہٰذا ایک چیز کو اردو میں واحد(Singular) کہتے ہیں اور ایک سے زیادہ چیزوں کو جمع (Plural) کہتے ہیں۔

جیسے: بچّہ — بچّے، رکابی — رکابیاں، تتلی — تتلیاں، کوا — کوے، گھوڑا — گھوڑے، چنا — چنے، بھوکا — بھوکے۔

مشق

☆ **خالی جگہوں میں واحد (Singular) اور جمع (Plural) الفاظ لکھیے۔**

(Write singular and plural in the blanks.)

۱- میں ایک لڑکا ہوں۔

۲- میری ایک ناک ہے۔

۳- میری دو آنکھیں ہیں۔

۴- میرے دو کان ہیں۔

۵- میری دس انگلیاں ہیں۔

۶- میرے دو پاؤں ہیں۔

☆ واحد کی جمع بنائیے۔ **Make Plural from Singular.**

واحد		جمع
کرسی	—	کرسیاں
ٹوپی	—	ٹوپیاں
پیالا	—	پیالے
کوّا	—	کوّے

☆ جمع کی واحد بنائیے۔ **Make Singular from Plural.**

جمع		واحد
گھوڑے	—	گھوڑا
لڑکے	—	لڑکا
ٹوپیاں	—	ٹوپی
کھڑکیاں	—	کھڑکی

☆ تصویروں میں واحد کے نیچے واحد اور جمع کے نیچے جمع لکھیے۔

Write wahid (singular) below the picture of singular thing and jama (plural) below the picture of many things.

جمع	واحد	جمع	جمع	واحد
واحد	جمع	جمع	واحد	جمع
جمع	واحد	جمع	واحد	جمع
واحد	واحد	جمع	واحد	واحد

سبق -10

ہفتے کے دن (Days of the Week)

ہفتے (Week) میں سات دن (Seven days) ہوتے ہیں۔

پیر	Monday
منگل	Tuesday
بدھ	Wednesday
جمعرات	Thursday
جمعہ	Friday
ہفتہ	Saturday
اتوار	Sunday

یہ تو آپ کو معلوم ہی ہے کہ ہفتے میں کُل سات دن ہوتے ہیں۔ پیر سے ہفتے تک کام کے دن ہوتے ہیں اور اتوار کو لوگ چھٹی کرتے ہیں۔ زیادہ تر سرکاری دفتر ہفتے اور اتوار کو بند رہتے ہیں۔ کچھ جگہ مسلمان جمعہ (Friday) کی چھٹی کرتے ہیں۔ جمعہ کو کسی بڑی مسجد یا جامع مسجد میں نماز جمعہ ادا کی جاتی ہے۔

مشق

☆ خالی جگہوں میں دنوں کے نام لکھیے۔ Write the Names of Days in the Blanks.

پیر منگل بدھ جمعرات جمعہ ہفتہ اتوار

☆ دنوں کے نام ترتیب سے لکھیے۔ Write the Names of Days in Sequence.

پیر منگل بدھ جمعرات جمعہ ہفتہ اتوار

☆ جواب لکھیے۔ Write Answers.

سوال ۱: چھٹی کا دن کون سا ہے؟ ?Which day is a holiday

جواب: اتوار چھٹی کا دن ہے۔

سوال ۲: جمعہ کے دن تم کیا کرتے ہو؟ ?What do you do on friday

جواب: جمعہ کے روز ہم نماز جمعہ پڑھنے جاتے ہیں۔

سوال ۳: ہفتے میں کتنے دن ہوتے ہیں؟

How many days are there in a week?

جواب: ہفتے میں سات دن ہوتے ہیں۔

سبق - 11

مضمون نگاری (Essay Writing)

کسی بھی شخص، جگہ، چیز، حیوان، واقعہ یا خیالات پر لکھی جانے والی مختصر تحریر (A short piece of writings on a particular subject.) مضمون (Essay) کہلاتی ہے۔

مثال کے طور پر آپ سے بکری کے بارے میں لکھنے کو کہا جائے تو آپ شروع اس طرح کریں گے کہ بکری کسے کہتے ہیں، یہ کتنی بڑی ہوتی ہے، اس کا رنگ وغیرہ کیسا ہوتا ہے، اس کی غذا کیا ہوتی ہے، یہ کہاں اور کس طرح رہتی ہے۔ آپ ایک طرح سے بکری کا پورا بیان الفاظ کے ذریعے کرتے ہیں۔

مضمون نگاری (Essay writing) کے لیے ضروری ہے کہ آپ کو جو موضوع دیا جا رہا ہے آپ اس سے اچھی طرح واقف ہوں، دوسرے اپنی بات کو لکھ کر بیان کر سکتے ہوں تا کہ پڑھنے والے کی سمجھ میں آ جائے کہ آپ کیا کہنا چاہتے ہیں۔

مضمون نگاری کے لیے مطالعہ (Study) اور مشق (Practice) بہت ضروری ہے۔ آپ جتنا زیادہ رسالوں، اخبارات اور کتابوں کا مطالعہ کریں گے آپ کو اتنا ہی اچھا لکھنا آئے گا۔ دوسروں کے لکھے ہوئے مضامین پڑھیے اور خود بھی لکھنے کی کوشش کیجیے۔ کئی بار لکھیے۔ آپ مضمون لکھنا سیکھ جائیں گے۔ ...

اس سیریز کے بارے میں

''آسان اُردو قواعد'' (پہلی تا آٹھویں جماعت) آٹھ کتابوں پر مشتمل ہماری ایک مقبول سیریز ہے۔

- اس سیریز میں انتہائی سادہ اور عام فہم زبان اور کم سے کم اصطلاحات استعمال کرتے ہوئے ابتدائی اور لازمی قواعد کو سمجھایا گیا ہے۔
- مثالیں ایسی دی گئی ہیں کہ بچے بآسانی سمجھ سکتے ہیں۔
- اس سیریز میں مضامین اور کہانیوں سے بھی واقفیت کرائی گئی ہے۔
- کتاب کی ترتیب، تالیف، تزئین اور اشاعت میں بچوں کی دلچسپی کا خاص خیال رکھا گیا ہے۔
- اس سیریز کی مدد سے طلباء اور غیر اہل زبان قواعد جاننے کے بعد اُردو زبان کو آسانی سے سمجھ سکتے ہیں۔
- وہ استاد کی مدد کے بغیر پُر اثر انداز میں فصاحت و بلاغت کے ساتھ اُردو بول اور لکھ سکتے ہیں۔

ISBN 91-85762-30-8

TP/CP-01-19